# ಕರ್ನಾಟಕ ಶಾಲಾ ಪರೀಕ್ಷೆ ಮತ್ತು ಮೌಲ್ಯನಿರ್ಣಯ ಮಂಡಲಿ
ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು–560003

## KARNATAKA SCHOOL EXAMINATION AND ASSESSMENT BOARD
Malleshwaram, Bengaluru-560003

## 2025–26ರ ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಮಾದರಿ ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆ

## S.S.L.C MODEL QUESTION PAPER-2 : 2025-26

### ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ ಉರ್ದು

SUBJECT: **Third Language Urdu**

| | |
|---|---|
| **ಸಮಯ: 3 ಗಂಟೆ** | **ವಿಷಯ ಸಂಕೇತ: 66U** |
| **ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80** | **Subject Code: 66U** |

---

عام ہدایات :

۱- اس سوالی پرچہ میں 38 سوالات ہیں۔

2- معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

3- بائیں ہاتھ کے حاشیے پر پورے مارکس دیے گئے ہیں۔

4- جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

(ಈ ಕೆಳಗಿನಂತೆ ಸೂಚನೆಗಳನ್ನು ತರ್ಜುಮೆ ಮಾಡುವುದು)

1. ಈ ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆಯು ಒಟ್ಟು 38 ಪ್ರಶ್ನೆಗಳನ್ನು ಹೊಂದಿದೆ.
2. ಪ್ರಶ್ನೆಗಳಿಗೆ ಕೊಟ್ಟಿರುವ ಸೂಚನೆಗಳನ್ನು ಪಾಲಿಸಿ.
3. ಬಲ ಭಾಗದಲ್ಲಿ ಕೊಟ್ಟಿರುವ ಅಂಕಿಗಳು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳಿಗಿರುವ ಪೂರ್ಣ ಅಂಕಗಳನ್ನು ತೋರಿಸುತ್ತವೆ.
4. ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆಯನ್ನು ಓದಿಕೊಳ್ಳಲು 15 ನಿಮಿಷಗಳ ಕಾಲಾವಕಾಶವು ಸೇರಿದಂತೆ, ಉತ್ತರಿಸಲು ನಿಗದಿಪಡಿಸಲಾದ ಸಮಯವನ್ನು ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆಯ ಮೇಲ್ಭಾಗದಲ್ಲಿ ನೀಡಲಾಗಿದೆ.

**I** - درج ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دئے گئے ہیں۔ موزوں ترین جواب کا انتخاب کر کے لکھئے۔
**8X1=8**

1. وہ نظم جس میں حضور ﷺ کی تعریف و توصیف بیان کی گئی ہو۔

A) حمد B) نعت

C) رباعی D) مرثیہ

2. وہ کلمہ ہے جو خود معنی نہیں دیتا بلکہ دوسرے الفاظ کے ساتھ مل کر معنی دیتا ہو۔

A) حروف B) مستقل کلمہ

C) فعل D) غیر مستقل کلمہ

3. غزل کا آخری شعر کہلاتا ہے۔

A) مقطع B) مطلع

C) بیت الغزل D) ردیف

4. واحد لفظ کی نشاندہی کیجیے۔

A) فنون B) مضامین

C) ایجاد D) افراد

5. وہ حروف جو جوش، خوشی، غم یا کسی دوسرے جذبے کے اظہار کے موقع پر بے ساختہ نکل جاتے ہیں۔

A) حروفِ ربط B) حروفِ فجائیہ

C) حروفِ عطف D) حروفِ تخصیص

6. "سمرین بہادر لڑکی ہے "اس جملے میں" مسند الیہ " ہے۔

A) بہادر B) لڑکی

C) ہے D) سمرین

7. مضمون کا پہلا حصّہ ہے۔

A) تمہید　　B) مضمون

C) نفسِ مضمون　　D) اختتام

8. رباعی میں مصرعوں کی تعداد ہوتی ہے۔

A) دو　　B) ایک

C) چار　　D) تین

**II - پہلے دو لفظوں میں جس طرح کا جوڑ اور مناسبت ہے اسی طرح کا مناسب جوڑ تیسرے لفظ کے لئے لگائیے۔** **4X1=4**

9. روغن : مذکر :: کشش : ____________________

10. زیادہ : کم :: مشکل : ____________________

11. نذر : تحفہ :: نظر : ____________________

12. واضح کرنا : صاف کردینا :: دفتر کھولنا : ____________________

**III** - درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے۔ **4X1=4**

13. "نانوذرات" کی ضخامت کتنی ہوتی ہے؟

14. والد کے انتقال کے وقت مولانا محمد علی جوہر کی عمر کیا تھی؟

15. وہ کیا وجہ ہے جس سے اکبرالہ آبادی خود اپنے نہ ہو سکے؟

16. شاعر سید احمد شاکر کیا پیغام دے رہے ہیں؟

**VI** - درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے۔ **8X2=16**

17. حضرت خواجہ بندہ نوازؒ کا عُرس کب اور کسطرح منایا جاتا ہے؟

18. راموکی کس بات کو سن کر اینگلوانڈین کلرک کی آنکھیں چمک اُٹھیں اور کیوں؟

19. شعر و شاعری کے علاوہ عمر خیام کی شہرت کس حثیت سے ہوئی؟

20. ریاستِ میسور میں سر ایم وشویشوریا نے کون کونسے کارخانے قائم کئے؟

21. مولانا محمد علی جوہر نے کن کن مقامات پر ملازمت کی؟

22. پروفیسر راہی کا حلیہ بیان کیجیے؟

23. مشاعرے میں خطیب صاحب اپنا کلام کس طرح سناتے تھے؟

24. شاعر نے گلی کوچوں میں صبح شام کونسا منظر دیکھا ہے؟

**V - درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔** **9X3=27**

بحوالۂ متن درج ذیل جملوں کی وضاحت کیجئے۔

25. "اس نام کی کوئی مچھلی ہمارے پاس نہیں ہے۔"

26. "تو پھر آج رات کا کھانا آپ کے یہاں ہی رہے گا۔"

27. "کل شیر شکاریوں کے غول میں گھر جائے گا۔"

28. درج ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے۔

(i) مجتبیٰ حسین

(ii) ڈاکٹر وحید انجم

29. درج ذیل شعراء میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے۔

(i) مولانا ابوالبیان حمادؔ

(ii) فراقؔ گورکھ پوری

درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔

30. موت کا ایک دن معین ہے

نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

31. ہماری طرف اب وہ کم دیکھتے ہیں

وہ نظریں نہیں جن کو ہم دیکھتے ہیں

32. یہ پھول مجھے کوئی وراثت میں ملے ہیں

تم نے میرا کانٹوں بھرا بستر نہیں دیکھا

33. درج ذیل انگریزی تحریر کا اردو میں ترجمہ کیجئے۔

(I) Robot is a machine.

(II) It follows all the commands of its master.

(III) It does work very quickly.

**VI**- درج ذیل سوالات کے جوابات تفصیل سے لکھئے۔ **4X4=16**

34. "حمد" کے ابتدائی چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے۔

35. اُم المومنین حضرت عائشہؓ کی فیاضی و سخاوت کا کوئی واقعہ بیان کیجئے؟

یا

گلبرگہ کی جامع مسجد کی تاریخی اہمیت پر نوٹ لکھئے؟

36. درج ذیل تحریر کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام اللہ کے پیغمبر تھے اور اللہ کی وحدانیت پر مکمل ایمان رکھتے تھے۔

نمرود جو اس دور کا بادشاہ تھا خدائی کا دعویدار بن گیا اور ابراہیم علیہ السلام نے صاف انکار کر دیا کیونکہ وہ کسی ایسے فانی شخص کو اپنا خدا نہیں مان سکتے تھے۔ ابراہیم علیہ السلام نے نمرود کی خدائی کو جھوٹا ثابت کر دیا۔اس طرز عمل سے نمرود مشتعل ہو گیا اور اس نے زبردست آگ الاؤ روشن کروایا اور اس میں ابراہیم علیہ السلام کو پھنکوادیا۔لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنے بندے مومن کو اس آگ سے بچا لیا اور آگ کو گلزار میں تبدیل کر دیا۔اسی لئے اُسے گلزارِ خلیل کہتے ہیں۔چونکہ ابراہیم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ اپنا دوست سمجھتا تھا اسی لئے خلیل اللہ کے لقب سے سرفراز ہوئے۔

**سوالات:۔**

(i). حضرت ابراہیم علیہ السلام کون تھے؟

(ii). حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دور میں خدا کا دعویدار کون بنا؟

(iii). گلزارِ خلیل کیسے کہتے ہیں؟

(vi). حضرت ابراہیم علیہ السلام کس لقب سے سرفراز ہوئے؟

37. درج ذیل کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے۔

(i) میرا پسندیدہ شاعر

یا

(ii) کمپیوٹر ترقی کا ذریعہ ہے۔

**IIV- خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے۔**

**1X5=5**

38. اپنے میر مدرس کے نام ایک درخواست لکھئے جس میں کوئی مناسب وجہ بتلا کر تین دن کی چھٹی طلب کیجئے۔

یا

اپنی پڑھائی کے متعلق جانکاری دیتے ہوئے اپنے بھائی کو ایک خط لکھئے۔